SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
November 9, 2016

**ایس ای سی پی نے ڈیبٹ سکیورٹیز ٹرسٹیز کو رپورٹنگ کا خودکار نظام متعارف کرادیا**

**اسلام آباد، ۹ نومبر:** سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے کاروبار میں آسانی فراہم کرنے کی خاطر کارپوریٹ ڈیبٹ مارکیٹ سسٹم (سی ڈی ایم آر ایس) ترتیب دے کر متعارف کرایا ہے۔ اس سسٹم کے بارے میں ڈیبٹ سکیورٹیز ٹرسٹیز (ڈی ایس ٹیز) کو آگہی فراہم کرنے کے لئے ایس ای سی پی نے کراچی میں ایک تعارفی ورکشاپ کا انعقاد کیا۔

ورکشاپ کے دوران ڈی ایس ٹیز کے نمائندوں کو ضوابط برائے ڈی ایس ٹیز کے نئے ضوابط اور ان میں ترامیم کے حوالے سے جائزہ پیش کیا گیا۔ نمائندگان سے نئے ضوابط کے بارے میں تجاویز دینے کو کہا گیا اور ان ترامیم پر عوامی رائے بھی حاصل کی جائے گی۔

ڈی ایس ٹیز ڈیبٹ سکیورٹیز بشمول سکوک، ٹرم فنانس سرٹیفکیٹس (ٹی ایف سیز)، پارٹیسی پیشن ٹرم سرٹیفکیٹس (پی ٹی سیز)، کمرشل پیپرز (سی پیز) وغیرہ کے اجراء میں اہم کردار ادا کرتی ہیں چاہے یہ عوامی یا نجی پیشکش کے طور پر جاری کی گئی ہوں۔ ڈی ایس ٹیز کو منافع کی ادائیگی، ڈیبٹ سکیورٹی حاملین کو اصل رقم کی ادائیگی اور متعلقہ وقف ناموں کی تعمیل یقینی بنانے کا کام سونپا گیا ہے۔ عدم تعمیل کی رپورٹ ایس ای سی پی کو پیش کرنے کی ذمہ داری بھی سونپی گئی ہے۔ فی الوقت مذکورہ رپورٹنگ دستی طور پر عمل میں آرہی ہے، تاہم، سی ڈی ایم آر ایس کے متعارف ہونے سے یہ نظام خودکار ہو جائے گا، اس طرح وقت اور اخراجات کی بچت کے حوالے سے ڈی ایس ٹیز کا نظام کار گر ثابت ہوگا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254